CAMBRIDGE
International Education

# Cambridge International A Level

**URDU LANGUAGE & LITERATURE** **9866/03**

Paper 3 Literature **For examination from 2027**

SPECIMEN PAPER **2 hours**

You must answer on the enclosed answer booklet.

You will need: Answer booklet (enclosed)

**Invigilators must refer to the Additional Materials List for instructions on the use of set texts in the examination.**

**INSTRUCTIONS**
- Answer **two** questions in **Urdu**:
  Section A: answer **one** question.
  Section B: answer **one** question.
- Follow the instructions on the front cover of the answer booklet. If you need additional answer paper, ask the invigilator for a continuation booklet.
- Dictionaries are **not** allowed.

**INFORMATION**
- The total mark for this paper is 40.
- Each question is worth 20 marks.

**ہدایات**
- **اردو میں دو** سوالوں کے جواب لکھیے:
  پہلا حصہ: **ایک** سوال کا جواب لکھیے۔
  دوسرا حصہ: **ایک** سوال کا جواب لکھیے۔
- جوابی پرچے کے سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔ یہ ہدایات نیچے اردو میں بھی دی گئی ہیں۔ اگر آپ کو جواب لکھنے کے لیے زائد صفحات کی ضرورت ہو تو نگران سے اضافی کتابچے کے لیے رابطہ کریں۔
- لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔

**معلومات**
- اس پرچے کے لیے کل مارکس 40 ہیں۔
- ہر سوال کے 20 مارکس ہیں۔

This document has **8** pages. Any blank pages are indicated.

© Cambridge University Press & Assessment 2024 **[Turn over**

## جوابی کتابچے کے لیے ہدایات

کالا یا گہرا نیلا قلم استعمال کیجیے۔ آپ ڈایاگرام یا گراف کے لیے ایچ بی پینسل استعمال کر سکتے ہیں۔

اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر اس صفحے پر اوپر کی جانب دی گئی جگہوں پر واضح طور پر لکھیے۔

جس قلم کی سیاہی مٹائی جاسکے اس کا استعمال **مت** کیجیے۔ کریکشن فلوئڈ یا ٹیپ استعمال **مت** کیجیے۔

کسی بھی بار کوڈ پر **مت لکھیے**۔

اپنے جوابات اس کتابچے میں لکھیے۔ صفحات کے دونوں طرف لکھیے۔ نیا جواب شروع کرنے سے پہلے ہر جواب کے آخر میں دو سطریں چھوڑ دیجیے۔

آپ جس سوال کا جواب لکھ رہے ہیں اس کا نمبر دائیں طرف کے حاشیے میں انگریزی میں لکھیے۔

| Part | Question |
|---|---|
| ai | 1 |
| | |
| | |
| aii | 1 |

اگر آپ کا منتخب شدہ سوال مختلف حصوں پر مشتمل ہو مثال کے طور پر 1(a) تو اس حصے کا نمبر انگریزی میں دوسرے حاشیے میں لکھیے۔

تمام اضافی کام اسی جوابی کتابچے میں قلم سے کیجیے۔ جو حصہ ممتحن کے لیے **نہیں** ہے اسے کاٹ دیں مگر یہ خیال رہے کہ وہ کٹا ہوا حصہ پڑھا جاسکے۔

اس کتابچے کا کوئی بھی حصہ الگ نہ کریں۔

تمام کاغذات واپس کر دیں۔ اگر آپ نے کوئی اضافی کتابچہ استعمال کیا ہے تو اسے بھی جوابی کتابچے میں رکھ کر واپس کر دیں۔

© Cambridge University Press & Assessment 2024 

**دو** سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلے حصے سے **ایک** سوال اور دوسرے حصے سے **ایک** سوال منتخب کیجیے۔

## پہلا حصہ

پہلے حصے سے **ایک** سوال کا جواب دیجیے۔

**غالب : بازیچۂ اطفال ہے دنیا مرے آگے**

اس اقتباس کو پڑھیے اور مندرجہ ذیل سوال کا جواب دیجیے:

**اردو میں** 400 سے 500 الفاظ پر مشتمل جواب لکھیے۔

بازیچۂ اطفال ہے دنیا مرے آگے
ہوتا ہے شب و روز تماشہ مرے آگے
اک کھیل ہے اورنگ سلیماں مرے نزدیک
اک بات ہے اعجاز مسیحا مرے آگے
جز نام نہیں صورت عالم مجھے منظور
جز وہم نہیں ہستیٔ اشیا مرے آگے
ہوتا ہے نہاں گرد میں صحرا مرے ہوتے
گھستا ہے جبیں خاک پہ دریا مرے آگے
مت پوچھ کہ کیا حال ہے میرا ترے پیچھے
تو دیکھ کہ کیا رنگ ہے تیرا مرے آگے

1 غالب نے اردو شاعری کو نیا انداز دیا ہے۔ پوری غزل کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

## فیض : نثار میں تری گلیوں کے

اس اقتباس کو پڑھیے اور مندرجہ ذیل سوال کا جواب دیجیے :

**اردو میں** 400 سے 500 الفاظ پر مشتمل جواب لکھیے۔

نثار میں تری گلیوں کے اے وطن کہ جہاں
چلی ہے رسم کہ کوئی نہ سر اٹھا کے چلے
جو کوئی چاہنے والا طواف کو نکلے
نظر چرا کے چلے جسم و جاں بچا کے چلے
ہے اہل دل کے لیے اب یہ نظم بست و کشاد
کہ سنگ و خشت مقید ہیں اور سگ آزاد
بہت ہے ظلم کے دست بہانہ جو کے لیے
جو چند اہل جنوں تیرے نام لیوا ہیں
بنے ہیں اہل ہوس مدعی بھی منصف بھی
کسے وکیل کریں کس سے منصفی چاہیں
مگر گزارنے والوں کے دن گزرتے ہیں
ترے فراق میں یوں صبح و شام کرتے ہیں

2 مندرجہ بالا نظم کے حوالے سے فیض کی شاعری کے انقلابی پہلو پر تبصرہ کیجیے۔

**ساحر: تاج محل**

اس اقتباس کو پڑھیے اور مندرجہ ذیل سوال کا جواب دیجیے :

**اردو میں** 400 سے 500 الفاظ پر مشتمل جواب لکھیے۔

تاج تیرے لیے اک مظہر الفت ہی سہی
تجھ کو اس وادئ رنگیں سے عقیدت ہی سہی

میری محبوب کہیں اور ملا کر مجھ سے
بزم شاہی میں غریبوں کا گزر کیا معنی
ثبت جس راہ میں ہوں سطوت شاہی کے نشاں
اس پہ الفت بھری روحوں کا سفر کیا معنی

میری محبوب پس پردۂ تشہیر وفا
تو نے سطوت کے نشانوں کو تو دیکھا ہوتا
مردہ شاہوں کے مقابر سے بہلنے والی
اپنے تاریک مکانوں کو تو دیکھا ہوتا

3 مندرجہ بالا نظم محبت کرنے والوں کے دلوں میں باغیانہ جذبات پیدا کرتی ہے۔ اس بیان پر پوری نظم کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔

## دوسرا حصہ

دوسرے حصے سے **ایک** سوال کا جواب دیجیے۔

## صدیق سالک: پریشر ککر

سوال نمبر 4 **یا** سوال نمبر 5 کا جواب دیجیے۔

**اردو میں** 400 سے 500 الفاظ پر مشتمل جواب لکھیے۔

4 ناول پریشر ککر میں مصنف نے معاشرے کے محروم طبقے کے مسائل کا عمدہ طریقے سے جائزہ لیا ہے۔ اپنے جواب کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔

**یا**

5 اس ناول میں دیہی زندگی کی صحیح ترجمانی کی گئی ہے۔ آپ اس بات سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟

© Cambridge University Press & Assessment 2024 

## سعادت حسن منٹو: ٹوبہ ٹیک سنگھ

سوال نمبر 6 **یا** سوال نمبر 7 کا جواب دیجیے۔

**اردو** میں 400 سے 500 الفاظ پر مشتمل جواب لکھیے۔

6 افسانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں پاگل خانے کے منظر کی کیا اہمیت ہے؟ اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔

**یا**

7 اس افسانے میں سیاسی رہنماؤں کے بارے میں کیا تاثر دیا گیا ہے؟ اپنے خیالات کا تفصیل سے اظہار کیجیے۔

## قرۃ العین حیدر: نظارہ درمیاں ہے

سوال نمبر 8 **یا** سوال نمبر 9 کا جواب دیجیے۔

**اردو** میں 400 سے 500 الفاظ پر مشتمل جواب لکھیے۔

8 افسانہ نظارہ درمیاں ہے امیر طبقے کے خلاف لکھا ہوا افسانہ ہے۔ آپ اس بیان سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟

**یا**

9 اس افسانے میں خورشید عالم کے کردار کا تجزیہ کیجیے۔

© Cambridge University Press & Assessment 2024

**BLANK PAGE**

Copyright acknowledgements:

Question 1 © Aslam Khan; *Bazicha-e- Atfal Hey Dunya Merey Aagay*; Excel Book Company; 2021
Question 2 © Aslam Khan; *Nisar Main Teri Galyon ke*; Excel Book Company; 2021
Question 3 © Aslam Khan; *Taj Mahal*, Excel Book Company; 2021

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (Cambridge University Press & Assessment) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

Cambridge International Education is the name of our awarding body and a part of Cambridge University Press & Assessment, which is a department of the University of Cambridge.